تڑپ رہا ہوں اسی راہ میں فنا کیلئے

الٰہی خواب میں یوں لطف سرمدی ہو جائے کہ مجھکو دید جمالِ محمدی ہو جائے
ابو محمد چشتی حق آشنا کے لئے

جھکا رہے سر تسلیم لب پہ نہ آئے اُف بحق ناصرِ دیں خواجۂ ابو یوسف
جیوں مروں تو بس اللہ کی رضا کیلئے

کچھ ایسا مجھ پہ کرم کردے مرے ربِّ وُدود کہ قطب دین مرے شاہ خواجہ مودود
کریں و داد و محبت مری خدا کے لئے

الٰہی بندے پہ ایسا ہو ترا لُطفِ لطیف بحق زندنی خواجہ شریف ابن شریف
کہ مَرتا جیتا رہوں دین مصطفےٰ کے لئے

الٰہی بڑھتی رہے مری دولتِ ایماں بحق ھارونی یعنی خواجۂ عثماں
جیوں خدا کیلئے اور مَروں خدا کے لئے

الٰہی جاؤں کہاں ہوکے میں ترا منگتا مرے معین مدد کر مدد مرے داتا
معین دین شہنشاہ اولیاء کے لئے

وہ قبر و حشر ہو یا ئیں رہوں الٰہی کہیں نہ چھوٹے ہاتھ سے دامانِ خواجہ قطب الدین
مری دعا ہے اسی ایک مدعا کے لئے

ترا غلام بھی گر شیریں کام ہوجائے تو شاہ گنج شکر ترا نام ہو جائے
فرید دین کی یکتائی عطا کے لئے

الٰہی ساغر سلطان کا کوئی قطرہ الٰہی ابرِ کرامت کا مجھ پہ اک چھینٹا
نظام دین کی محبوب ہرادا کے لئے

الٰہی میری بصیرت کو وہ ترقی دے کہ جس چراغ کو دیکھوں نظر تجھی پہ پڑے
سراج حق کہ لئے تیرے آئینے کے لئے

الٰہی بندہ پہ وہ التفات فرمادے جو دین دنیا کو گنج نبات فرمادے
علاء حق میرے سلطان پنڈوہ کے لئے

کوئی بھی منزلِ مقصود اب نہ ہو دشوار ہر ایک کشتیِ امید کا ہو بیڑا پار
حضور اشرف سردارِ قافلہ کے لئے

یہاں بھی اچھی ہو یارب وہاں بھی اچھی ہو کہیں بھی روزی میں میری کبھی نہ ہو تنگی
جناب بندۂ رزاق باخدا کے لئے

مجھے ملے مری قیمت مجھے ہے اسکا یقین کرم کریں جو مرے حال پر بہاء الدین
میں کر رہا ہوں خوشامد اسی بہا کے لئے

ضعیف بندہ کے بازو کو یوں قوی کردے جو دوجہاں سے الٰہی مجھے غنی کردے
شہ توکل علی صاحبِ غنا کے لئے

الٰہی حضرت داؤد کا سنوں نغمہ بس ایک وجد میں ہو جائے طے فنا و بقا
جناب سیّد داؤد رہنما کے لئے

الٰہی صدقہ و حج ہو کہ روزہ ہو کہ نماز جہاں بھی ہو وہ بنے تیری بزم راز و نیاز
نیاز اشرف سردار باصفا کے لئے

ہماری کشتیٔ مقصد کو اس کا ساحل دے الٰہی اپنی عبادت کا ذوق کامل دے
جناب اشرف حسین ایسے بے ریا کیلئے

عزیز دل مجھے کر دے اگر خدائے عزیز تو ایک چیز بنے اس کا بندۂ ناچیز
علی حسین خوش اطوار خوش ادا کے لئے

الٰہی جام محبت کا کر دے متوالا پیوں میں مُرشدِ برحق کا رات دن پیالہ
حضور سیّد مختار باصفا کے لئے

الٰہی اخترؔ ناکارہ پر نہیں موقوف ہر اشرفی کے لئے مَیں دعا میں ہوں مصروف
تو سب کو بخش دے ان سارے اولیاء کیلئے

شجرۂ نسب

(بزبانِ اُردو منظوم)

بخشدے یارب شفیعِ دوسرا کے واسطے
سرورو سیّد محمد مصطفیٰ کے واسطے

یاالٰہ العالمین نارِ جہنم سے بچا
فاطمہ کے واسطے مشکل کُشا کے واسطے

برگزیدہ کر عمل کو اور ایماں کو حسن
سبط اکبر اس حَسن کے اجتبا کیواسطے

دیدے تو بزم حسیناں میں مجھے دوہرا مقام
اس مثنائے حَسن کی ارتقا کے واسطے

میں رہوں اللہ کا بندہ کھرا بے ریب و عیب
سیّد عبداللہ محض الاولیاء کے واسطے

یاالٰہی دیکھ لوں مَیں بھی تو جلوہ طور کا
شاہ موسیٰ الجون نورالاصفیا کے واسطے

یاالٰہی بندگی کا تاج زیبِ سر رہے
سیّد عبداللہ عبد بے ریا کے واسطے

جلوۂ وحدت رہے سرمایۂ قلب ونظر
شاہ موسیٰ پیکرِ صدق وصفا کے واسطے

یاالٰہی مجھ کو دیدے نغمۂ داؤد بھی
سیّدی داؤد خوشخو خوش نوا کے واسطے

یاالٰہی مرتے دم تک رکھ مُحمّد کا غلام
حضرت سیّد مُحمّد کی ولا کے واسطے

زندگی وہ دے کہ جس پر کہہ پڑیں سب زندہ باد
سیّدی یحییٰ کی شانِ جانفزا کے واسطے

اپنی ہر ہر سانس میں اللہ کا بندہ رہوں
سیّد عبداللہ جیلی کی ادا کے واسطے

نفس بد کو مار کر پاجاؤں میں پوری صلاح
میر ابو صالح بڑے جنگ آزما کے واسطے

الغیاث الغیاث یا غیاثَ العالمین
غوث اعظم بندۂ قدرت نما کیواسطے

دین کا ہو تاج سر پہ رزق میں ہوں برکتیں
تاج دین اس عبد رزاق اولیاء کیواسطے

دین کا ناصر بنا اور دین کا کردے عمود
اس عماد الدین نصر الاتقیا کے واسطے

نصرتِ دینِ محمد میں رہوں میں عمر بھر
شاہ بو نصر اس محمد کی ضیاء کے واسطے

دین کی تلوار دیدے زندگی بھر ہاتھ میں
سیف دین یحییٰ کے زہد و اتقا کیواسطے

آفتاب دینداری ہو جبیں میں جلوہ گر
شمس دین جیلی کی تنویر و ضیا کیواسطے

ہو بلندی دین و ایماں کو مرے پوری نصیب
اس علاؤ الدین علی کی ارتقاء کیواسطے

ماہ کامل دین کا کردے بہ انداز حسن
بدر دین شاہ حسن کی ہر ضیاء کیواسطے

نام احمد ہو زباں پر شانِ عباسی کیساتھ
سید ابو العباس احمد بے ریا کے واسطے

مرتے دم بس یا غفورُ یا غفورُ کا ہو ذکر
سید عبد الغفور حق آشنا کے واسطے

آنکھ میں دے نور میرے رزق میں دے وسعتیں
نور عین عبدِ رزاق اولیاء کے واسطے

میری دنیا ہو حسیں اور میرا عقبیٰ ہو حسیں
شہ حسن سردار بزم اتقیا کے واسطے

دل میں عشقِ محمد لب پہ ہو حمدِ خدا
شہ محمد اشرفِ شاہ ہدیٰ کے واسطے

میرا سر ہو اور سودائے محمد مصطفیٰ
حضرت سید محمد اولیاء کے واسطے

یا الٰہی نفسِ بد پر مجھکو دے فتح مبین
سید ابو الفتح جیسے بے ریا کے واسطے

دونوں عالم سے غنی کردے مجھے بندہ نواز
شاہ عثمان صاحب ملک غنا کیواسطے

اے مرے رحمٰن ہر دل میں بنا مجھکو عزیز
اس عزیز ذات رحمٰن کی علا کیواسطے

یا الٰہی مجھ میں بھر دے دین کا حسن و جمال
شہ جمال الدین کے صدق و صفا کیواسطے

دل محمد پر فدا ہو سر میں ہو سودائے غوث
اس محمد غوث کے حب وولا کے واسطے

اے خدا تیری نوازش ہر گھڑی مجھ پر رہے
شہ نواز اس صاحب جود و سخا کے واسطے

یاالٰہی عمر بھر خاکِ درِ اشرف رہوں
اس تراب اشرف کے زہد بے ریا کے واسطے

مست کردے مست رکھ اور اپنے مستوں میں اٹھا
حضرت سید قلندر کی ولا کے واسطے

یا الٰہ العالمین منصب مرا کر دے بلند
سید منصب علی کی ارتقاء کے واسطے

ہر گھڑی مجھ پر الٰہی تیرا ہو فضل و کرم
سید فضل حسین بے ریا کے واسطے

نذر کر دوں اشرف سمناں کو اپنی جان و دل
نذر اشرف کی حکیمانہ ادا کے واسطے

وہ محدث وہ فقیہ عصر وہ بحر العلوم
ہاں اسی شمس ھُدیٰ کی ہر ضیا کے واسطے

ایک اختر کیا ہے سارے آل جیلاں بخشدے
مصطفےٰ اور مرتضیٰ اور مجتبیٰ کے واسطے

جو پڑھے جنت واجب ہو

حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اس دعا کو پڑھتا رہے اس کے لئے جنت واجب ہو گئی۔

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ (صلے اللہ علیہ وسلم) رَسُوْلًا۔ (ابو داؤد ج ۱ ص ۲۱۴ رشیدیہ)

چاہئے کہ ہر نماز کے بعد ۳/۳ بار پڑھ لے یا صبح و شام۔

دعائے ایام بیض

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى بِحَقِّكَ
يَا اَللهُ يَا رَحْمٰنُ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى
يَا رَحِيْمُ وَكَانَ اللهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ يَا مَالِكُ
مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ يَا قَهَّارُ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ
لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ يَا قُدُّوْسُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
يَا سَلَامُ اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ اَلْمُهَيْمِنُ
الْعَزِيْزُ يَا جَبَّارُ اَلْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ يَا عَزِيْزُ وَكَانَ
اللهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ يَا خَالِقُ فَتَبَارَكَ اللهُ اَحْسَنُ
الْخَالِقِيْنَ ط يَا بَارِئُ اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ يَا مُصَوِّرُ
هُوَ الَّذِیْ يُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط يَآ اَوَّلُ يَآ اٰخِرُ هُوَ الْاَوَّلُ
وَالْاٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ اَلظَّاهِرُ الْبَاطِنُ يَا شَكُوْرُ

اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ يَا غَفُوْرُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا ط يَا وَدُوْدُ هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ يَا قَاهِرُ وَهُوَ
الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ يَا حَلِيْمُ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ يَا خَلَّاقُ
هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ يَا نُوْرُ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
يَا بَاسِطُ اِنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ
وَيَقْدِرُ يَا قَآئِمُ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط يَا حَيُّ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ يَا سَمِيْعُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ط يَا بَصِيْرُ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ يَا عَلِيُّ وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْعَظِيْمُ ط يَا حَكِيْمُ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ يَا قَادِرُ قُلْ
هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا يَا رَحِيْمُ اِنَّ
رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ يَا لَطِيْفُ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا
يَشَآءُ يَا خَبِيْرُ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝ يَا قَرِيْبُ
اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ يَا بَاعِثُ اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ
مَنْ فِي الْقُبُوْرِ يَا رَازِقُ وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ۝

یَا وَارِثُ وَلِلّٰہِ مِیْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا قَوِیُّ
اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ یَا شَہِیْدُ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
شَہِیْدٌ ط یَا مُبْدِئُ اِنَّہٗ ہُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ ہ یَا
تَوَّابُ اِنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
یَا وَہَّابُ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَہَّابُ یَا جَمِیْلُ فَاصْبِرْ صَبْرًا
جَمِیْلًا ہ یَا وَکِیْلُ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ہ یَا کَافِیْ وَکَفَی
اللّٰہُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ یَا وَلِیُّ وَہُوَ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ
یَا رَبِّ فَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ ہ یَا غَنِیُّ وَاللّٰہُ
الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ یَا مُحْسِنُ وَاللّٰہُ یُحِبُّ
الْمُحْسِنِیْنَ یَا قَدِیْرُ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط
یَا مُفَضِّلُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ہ وَیُتِمَّ نِعْمَتَہٗ
عَلَیْکَ وَیَہْدِیَکَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ہ یَا مُعِزُّ وَ
تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ یَا مُذِلُّ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ یَا رَفِیْعُ
رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ یَا شَفِیْعُ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ
عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَا کَبِیْرُ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیًّا کَبِیْرًا ہ

يَا حَقُّ فَتَعَالَى اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ يَا بَرُّ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ
الرَّحِيْمُ ؕ يَا وِتْرُ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ يَا غَفَّارُ اِنَّهٗ كَانَ
غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ يَا غَافِرُ وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ؕ
يَا حَمِيْدُ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ؕ يَا مَنَّانُ بَلِ اللهُ
يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰكُمْ لِلْاِيْمَانِ يَا بَاقِيْ وَيَبْقٰى وَ
جْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَحَدُ قُلْ هُوَ اللهُ
اَحَدٌ ؕ يَا مَتِيْنُ اِنَّ اللهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ
يَا هَادِيْ اِنَّ اللهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ يَا فَتَّاحُ هُوَ الْفَتَّاحُ
الْعَلِيْمُ ؕ يَا رَقِيْبُ اِنَّ اللهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ؕ يَا مُحِيْطُ
وَاللهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ؕ يَا قَاضِيْ وَاللهُ يَقْضِيْ
بِالْحَقِّ يَا صَمَدُ قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ ؕ اَللهُ الصَّمَدُ
يَا حَسِيْبُ اِنَّ اللهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ؕ
يَا نَصِيْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ؕ يَا وَاسِعُ
وَكَانَ اللهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ؕ يَا مُتَعَالُ عَالِمُ الْغَيْبِ وَ

الشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ مَسِّكْنَا بِالْاِسْلَامِ وَثَبِّتْنَا عَلَى الْاِيْمَانِ حَتّٰى نَلْقَاكَ بِهٖ وَاَنْتَ عَنَّا رَاضٍ غَيْرَ غَضْبَانَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ ۝

برائے خیر و برکت

جو شخص جمعہ کے روز بعد نماز عصر تین سو تیرہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھا کرے تو ایسی خیر و برکت ہو کہ وہم و گمان بھی نہ ہو۔

اَوْرَادُ الْاُسْبُوْعِ الشَّرِيْفَةِ لِسَيِّدِنَا الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ

یہ اسبوع شریف کے اوراد ہیں۔ ہمارے سردار غوث اعظم

اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابی محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے

وِرْد روز یکشنبہ (اتوار)

وظیفہ اتوار کے دن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْجَلِيْلُ الرَّحْمٰنُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں مگر وہی ہے بزرگ بڑا مہربان

الرَّحِيْمُ ۞ اللَّطِيْفُ ۞ الْحَلِيْمُ ۞ الرَّءُوْفُ ۞ الْعَفُوُّ ۞

نہایت رحم والا لطف کرنے والا، صاحبِ علم مہربان معاف کرنے والا

الْمُؤْمِنُ ۞ النَّصِيْرُ ۞ الْمُجِيْبُ ۞ الْمُغِيْثُ ۞ الْقَرِيْبُ ۞

امن دینے والا مددگار دعائیں قبول کرنے والا فریاد سننے والا نزدیک

السَّرِيْعُ ۞ الْكَرِيْمُ ۞ ذُوالْاِكْرَامِ ۞ ذُوالطَّوْلِ ۞ رَبِّ

جلدی حساب لینے والا، کرم کرنے والا صاحبِ اکرام صاحب حشمت اے

اَكْسِنِیْ مِنْ جَمَالِ بَدِيْعِ الْاَنْوَارِ الْجَمَالِيَّةِ وَمَا

پروردگار میرے مجھے ایسے جمال بدیع الانوار کے لباس خوبصورت پہنا جو اپنی

يُدْهِشُ اَبْوَابَ الذَّرَّاتِ الْكَوْنِيَّةِ فَتَوَجَّهَ اِلَیَّ

روشنی سے پیدائشی ذرات کے دروازے بند کردیں یعنی تمام اندھیرے مجھ سے دور

حَقَائِقُ الْمُكَوَّنَاتِ تَوَجُّهَ الْمَحَبَّةِ الذَّاتِيَّةِ الْجَاذِبَةِ

ہو جاویں پس حقائق کائنات کے مجھ پر ذاتی محبت مطلق جمال کی شہود کی طرف کھینچنے والے

اِلٰى شُهُوْدِ مُطْلَقِ الْجَمَالِ الَّذِىْ لَا يُضَارُّهُ قُبْحٌ وَّلَا

توجہ مجھ پر کریں وہ جمال کہ جس کو کوئی کلنک نہیں لگتا اور نہ کبھی اس کو

يَقْطَعُ عَنْهُ اِيْلَامٌ وَّاجْعَلْنِىْ مَرْحُوْمًا مِّنْ كُلِّ رَحِمٍ

کوئی دکھ قطع کرتا ہے اور مجھے ہر ایک رحمت سے مرحوم کر ساتھ حکم اسی محبت

بِحُكْمِ الْعَطْفِ الْحِبِّى الَّذِىْ لَا يَشُوْبُهُ انْتِقَامٌ وَّلَا

کرنے والے مہربان کے جس میں کوئی انتقام کا شائبہ نہیں اور نہ

يُنَقِّصُهُ غَضَبٌ وَّلَا يَقْطَعُ مَدَدَهُ سَبَبٌ وَّتَوَلَّ

اس کو کوئی غضب ناخوش کرتا ہے اور نہ اس کی یاوری کو کوئی سبب کاٹ سکتا ہے

ذٰلِكَ بِحُكْمِ اَبَدِيَّةٍ وَارِثِيَّتِكَ اِلٰى غَيْرِ نِهَايَةٍ لَّا

اور اس بات کی کارسازی فرما ساتھ اپنی ہدایت اور اپنی لانہایت دوام اور ہمیشگی کے ہمراہ

تَقْطَعُهَا غَايَةٌ يَّا رَحِيْمُ هُوَ الرَّحِيْمُ ٥ رَبَّاهُ ٥ رَبَّاهُ ٥

کہ جس کو کوئی حد ختم نہیں کرتی اے مہربان تو ہی مہربان ہے اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار

غَوْثَاهُ ٥ يَا خَفِيًّا لَّا يَظْهَرُ يَا ظَاهِرًا لَّا يَخْفٰى لَطُفَتْ

اے میرے فریادرس، اے پوشیدہ جو ظاہر نہیں ہوتا اے ظاہر جو پوشیدہ نہیں ہوتا تیرے اعلیٰ وجود

اَسْرَارُ وُجُوْدِكَ الْاَعْلٰى فَتُرٰى فِىْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَعَلَتْ

کے اسرار باریک ہیں پس تو ہر ایک موجودات دیکھا جاسکتا ہے اور تیرے

اَنْوَارُ ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ فِىْ كُلِّ مَشْهُوْدٍ

نہایت پاک ظہور سے انوار بلند ہیں پس ہر ایک مشہود میں ظاہر ہو رہے ہیں

وَ اَنْتَ الْحَلِيْمُ الْمَنَّانُ بِالرَّافَةِ وَ الْعَفْوِ السَّرِيْعِ

اور تو حلم کرنے والا مہربان ہے احسان والا اور جلدی معافی بخشش کے ساتھ

بِالْمَغْفِرَةِ مُؤْمِنُ الْخَآئِفِيْنَ نَصِيْرُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

کرنے والا ہے خوف کرنے والوں کو امن دینے والا فریاد کرنے والوں کو مدد دینے والا

اَلْقَرِيْبُ بِمَحْوِ جِهَاتِ الْقُرْبِ وَ الْبُعْدِ عَنْ عُيُوْنِ

قرب اور بُعد کے جہات دور کرکے قریب کردینے والا عارفوں کی آنکھوں سے

الْعَارِفِيْنَ ٥ يَا كَرِيْمُ ٥ يَا كَرِيْمُ ٥ يَا ذَا الطَّوْلِ

پردہ اُٹھانے والا اے کرم کرنے والے اے کرم کرنے والے اے صاحب

وَ الْاِكْرَامِ ٥ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ٥

حشمت اور بزرگی کے سلام کہا گیا ربِ رحیم سے

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥

اور سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جو پروردگار ہے جہانوں کا

ورد روز دوشنبہ (پیر)

وظیفہ پیر کے دن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِيْمُ الرَّحِيْمُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں صاحبِ حلم نہایت مہربان

اَلْفَعَّالُ اللَّطِيْفُ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِيْدُ

کارکن باریک بیں کارساز سراہا گیا متحمل ہدایت والا

الرَّحْمٰنُ رَبِّ اَذِقْنِیْ مِنْ بَرْدِ حِلْمِكَ عَلٰی مَا ابْتَهِجُ

مہربان اے پروردگار میرے مجھے اپنے علم کی ٹھنڈک چکھا جو میرے حق میں

بِهٖ فِیْ عَوَالِمِیْ فَلَا اَشْهَدُ فِی الْكَوْنِ اِلَّا مَا یَقْتَضِیْ

ہوں جس کے ساتھ میں اپنی معلومات کی رو سے خوش ہو جاؤں پس جہان میں

سُكُوْنِیْ وَرِضَاءِیْ فَاِنَّكَ الْحَقُّ وَاَمْرُكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ

اپنے سکون اور رضا کے اقتضا مجھے دکھائی دیویں کیونکہ تو حق اور تیرا امر حق ہے

الْحَكِیْمُ الرَّحِیْمُ ۵ رَبِّ اَشْهِدْنِیْ مُطْلَقَ فَاعِلِیَّتِكَ

اور تو حکمت والا مہربان ہے اے میرے پروردگار مجھے ہر ایک مفعول میں اپنی فاعلیت دیکھا

فِیْ كُلِّ مَفْعُوْلٍ حَتّٰی لَآ اَرٰی فَاعِلًا غَیْرَكَ

یعنی مجھے ایسا کر تیرے کمال قدرت کے سوا کسی فاعلیت کو خیال میں نہ لاؤں

لِاَكُوْنَ مُطْمَئِنًّا تَحْتَ جَرَیَانِ اَقْدَارِكَ مُنْقَادًا

یہاں تک کہ کوئی فاعل تیرے سوا نہ دیکھوں تاکہ تیری تقدیروں کے نیچے ثابت و مطمئن دل ہو جاؤں

لِكُلِّ حُكْمٍ وُّجُوْدِیٍّ عَیْنِیٍّ وَّ غَیْبِیٍّ وَّ بَرْزَخِیٍّ

اور تیرے ہر ایک حکم وجودی عینی اور غیبی اور برزخی کا فرمانبردار ہو جاؤں

یَا نَافِخًا رُوْحَ اَمْرِهٖ فِیْ كُلِّ عَیْنٍ اِجْعَلْنِیْ مُنْفَعِلًا

اے امر کی روح : ہر ایک وجود میں پھونکنے والے مجھے امر قبول کرنے والا

فِیْ كُلِّ حَالٍ لِّمَا یُحَوِّلُنِیْ عَنْ ظُلُمَاتِ تَكْوِیْنَاتِیْ

ہر حال میں کر جو کہ مجھے جہان کے اندھیروں سے برگشتہ کرے

وَامْحَقْ فِعْلِیْ وَفِعْلَ الْفَاعِلِیْنَ فِیْ اَحَدِیَّةِ فِعْلِكَ

ور اپنے ارر اپنے فعل کے اکیلاپن میں میرا فعل اور تمام فاعلین کا فعل نیست کر دے

وَ تَوَلَّنِیْ بِجَمِیْلِ حَمِیْدِ اخْتِیَارِكَ لِیْ فِیْ جَمِیْعِ

اور اپنے بزرگ اور نکوئی والے اختیار سے جو تو میرے لئے رکھتا ہے میری کارسازی تمام

تَوَجُّهَاتِیْ وَ اَفْنِ مِنِّیْ اِرَادَتِیْ وَ صَبِّرْنِیْ وَ سَدِّدْنِیْ

توجہات سے کر اور میرے ارادہ کو مجھ سے فانی کر اور مجھے صبر دے اور مجھے نفسانی خواہشوں سے بند کر

وَارْحَمْنِیْ وَ اصْحِبْنِیْ بِاللُّطْفِ وَ الْعِنَایَةِ بِمَعِیَّةٍ

اور مجھ پر رحم کر اور لطف و عنایت سے میری ہمراہی اور مددگاری ساتھ ہمراہی خاص کے اور جو مجھے تیرے ساتھ ہو

خَاصَّةٍ مِّنْكَ وَ حَقِّقْنِیْ بِقُرْبِكَ الَّذِیْ لَا وَحْشَةَ

اور مجھے اپنے اس قرب کے لائق کر جس میں میرے ساتھ کوئی وحشت

مَعَهٗ یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ وَ الْحَمْدُ

نہ رہے اے رحمٰن اے سلامتی دینے والے اور سب تعریف

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ٥

اللہ پروردگار عالمین کو ہے

ورد روز سہ شنبہ (منگل)

وظیفہ منگل کے دن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِیْ مَا اَحْلَمَكَ عَلٰی مَنْ عَصَاكَ وَمَا اَقْرَبَكَ

اے میرے معبود برحق تو کیسا بردبار ہے اس پر جو تیری نافرمانی کرے اور تو کیسا قریب ہے

مِمَّنْ دَعَاكَ وَمَا اَعْطَفَكَ عَلٰی مَنْ سَاَلَكَ وَمَا

اس سے جو تجھے پکارے اور تو کیسا مہربان ہے اُس پر جو تجھ سے سوال کرے اور تو کیسا

أَرْأَفُكَ بِمَنْ أَمَّلَكَ مَنْ ذَا الَّذِيْ سَأَلَكَ فَحَرَمْتَهُ

بڑا رحیم ہے اس کے ساتھ جو تجھ سے امید رکھے کون ہے جس نے تجھ سے سوال کیا پس تو نے

أَوْ لَجَأَ إِلَيْكَ فَأَهْمَلْتَهُ أَوْ تَقَرَّبَ مِنْكَ فَأَبْعَدْتَهُ أَوْ

اس کو محروم رکھا یا تیری طرف ملتجی ہوا پس تو نے اس کو بیکار چھوڑا یا تجھ سے ملاپ چاہا پس تو نے اس کو دور کردیا یا

هَرَبَ إِلَيْكَ فَطَرَدْتَهُ لَكَ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ إِلٰهِيْ

تیری طرف دوڑ کر آیا پس تو نے اس کو دھتکار دیا سب خلقت تیری ہے سب امر تیرے ہیں اے میرے معبود

أَتَرَاكَ تُعَذِّبُنَا وَتَوْحِيْدُكَ فِيْ قُلُوْبِنَا وَمَا أَخَالُكَ

کیا تو مناسب سمجھتا ہے کہ تو ہمیں عذاب دے درآنحالیکہ تیری توحید ہمارے دلوں میں ہو اور میں گمان نہیں کرتا کہ

تَفْعَلُ وَلَئِنْ فَعَلْتَ أَتَجْمَعُنَا مَعَ قَوْمٍ طَالَ مَا

کہ تو ایسا کرے اور اگر تو ایسا کرے تو کیا تو ہم کو ان لوگوں کے ساتھ اکٹھا کریگا جن کو ہم بڑی مدت سے تیری محبت کے سبب

بَغَضْنَاهُمْ لَكَ فَبِالْمَكْنُوْنِ مِنْ أَسْمَائِكَ وَمَا

دشمن جانتے ہیں پس اپنے ناموں کی پوشیدہ تاثیرات کے سبب سے اور اس نور ذات کے

وَارَتْهُ الْحُجُبُ مِنْ بَهَائِكَ أَنْ تَغْفِرَ لِهٰذِهِ النَّفْسِ

طفیل سے پردوں میں پوشیدہ ہے اس حریص نفس

الْهَلُوْعِ وَلِهٰذَا الْقَلْبِ الْجَزُوْعِ الَّذِيْ لَا يَصْبِرُ

اور اس بے صبر دل کو بخش جو کہ دھوپ کی گرمی میں صبر

لِحَرِّ الشَّمْسِ فَكَيْفَ يَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ يَا حَلِيْمُ ۝

نہیں کرسکتا پس تیری آگ کی گرمی میں کس طرح صبر کرسکے گا اے حلم کرنے والے

يَا عَظِيْمُ ۝ يَا كَرِيْمُ ۝ يَا رَحِيْمُ ۝ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ

اے بڑے مرتبہ والے اے سخی اے مہربان اے اللہ ہم تیرے ساتھ پناہ مانگتے ہیں

مِنَ الذُّلِّ اِلَّا لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ وَ مِنَ

ذلت سے مگر جو تیرے لئے ہو اور خوف سے مگر جو تجھ سے ہو اور فقر وفاقہ

الْفَقْرِ اِلَّآ اِلَيْكَ ۞ اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وُجُوْهَنَآ اَنْ

سے پناہ مانگتے ہیں مگر جو تیری طرف سے ہو اے اللہ جیسا تُونے ہمارے مونہوں کو غیر کے آگے

تَسْجُدَ لِغَيْرِكَ فَصُنْ اَيْدِيَنَآ اَنْ تَمْتَدَّ بِالسُّؤَالِ لِغَيْرِكَ

سجدہ کرنے سے بچایا ایسا ہی ہمارے ہاتھوں کو بچا کہ تیرے غیر کے آگے سوال نہ کریں

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۝

کوئی معبود نہیں مگر تو ہی ہے تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۝

اور سب صفت ثناء پروردگار جہانوں کے لئے ہے

ورد روز چہار شنبہ (بدھ)

وظیفہ بُدھ کے دِن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِيْ عَمَّ قِدَمُكَ حَدَثِيْ فَلَآ اَنَا وَ اَشْرَقَ

یا اللہ تیری ہمیشگی نے میری پیدائش پر عام احسانات کئے پس میں تو کچھ نہیں اور تیری

سُلْطَانُ نُوْرِ وَجْهِكَ فَاَضَاءَ هَيْكَلَ بَشَرِيَّتِيْ وَلَا

ذات کا نور مجھ پر چمکا پس میری بشریت کے ہیکل کو روشن کردیا اب تیرے سوا

سِوَاكَ فَمَا دَامَ مِنِّيْ فَبِدَوَامِكَ وَمَا فَنِيَ عَنِّيْ

کوئی نظر نہیں آتا، پس میں جب تک رہوں گا تیرے بقا کے ساتھ قائم رہوں گا اور جب میں فنا ہونگا تو دیدار

فَبِرُؤْيَتِيْ اِيَّايَ وَ اَنْتَ الدَّآئِمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

تیرا مجھے نصیب ہو اور تو دائم ہے نہیں کوئی معبود سوا تیرے تجھ سے

اَسْاَلُكَ بِالْاَلِفِ اِذَا تَقَدَّمَتْ ۝ وَ بِالْهَآءِ اِذَا

سوال کرتا ہوں طفیل الف اللہ کے جب مقدم کیا جاتا ہے، اور طفیل ہا کے جب پیچھے

تَاَخَّرَتْ ۝ وَ بِالْهَآءِ مِنِّيْٓ اِذَا انْقَلَبَتْ لَامًا اَنْ

آتی ہے، اور ساتھ ہا کے مجھ سے جب لام سے بدل جاتی ہے یہ کہ اپنی

تُفْنِيَنِيْ بِكَ عَنِّيْ حَتّٰى تَلْتَحِقَ الصِّفَةُ بِالصِّفَةِ

ذات کے ساتھ مجھے محو کردے یہاں تک کہ صفت کے ساتھ صفت مل جائے

وَ تَقَعَ الرَّابِطَةُ بِالذَّاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا حَيُّ

اور ذات کے ساتھ رابطہ قائم ہو جائے نہیں کوئی معبود تیرے سوا اے زندہ اے

يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ ۝ وَ صَلَّى اللّٰهُ

قائم اے صاحب بزرگی اور اکرام کے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت

تَعَالٰى وَسَلَّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ

اور سلام ہو جو اوپر ہمارے سردار محمدﷺ کے اور ان کے آل پر اور

صَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

ان کے اصحاب پر سب پر اور سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو عالمین کا پروردگار ہے

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ؏

اور سب ستائشیں اسی ایک کو لائق ہیں

ورد روز پنجشنبہ (جمعرات)

وظیفہ جمعرات کے دن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ دائم ہے اور ہمیشہ قائم ہے۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا

اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ

کوئی معبود نہیں زندہ قائم ہے اور تمام چہرے زندہ اور قائم خدا کے آگے ذلیل ہوں گے ، یا اللہ

اِنِّیْ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ ۝ يَآ اَللّٰهُ ۝ يَآ اَللّٰهُ ۝ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ

میں تجھ سے مانگتا ہوں یا اللہ یا اللہ یا اللہ وہ کچھ جو تیرے نبی نے تجھ سے

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا وَدُوْدُ ۝

سوال کیا جن کا نام پاک محمد ہے رحمت بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور انکے آل پر اور سلام بھیجے اے مہربان

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ ۝ يَا مُبْدِئُ ۝ يَا مُعِيْدُ ۝

اے مہربان اے مہربان اے صاحب عرش بزرگ کے ، اے پہلی بار پیدا کرنیوالے ، اے دوسری بار پیدا کرنیوالے

يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ ۝ اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ

اے جو کچھ چاہے کرنے والے تیرے ذاتی نور کے طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں وہ نور جس نے

مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ

عرش کے ارکان کو پر کر دیا اور تیری قدرت کے طفیل جس کے ساتھ تو تمام مخلوقات

بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ

پر قادر و غالب ہے اور تیری رحمت کے طفیل جو کہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ (ثلاثا) اَللّٰهُمَّ

واسع اور فراخ ہے نہیں کوئی معبود برحق تیرے سوا اے فریادرس میری فریادرسی کر (تین دفعہ کہے) یا اللہ

اِنِّيْ اَسْاَلُكَ يَا لَطِيْفُ قَبْلَ كُلِّ لَطِيْفٍ ۚ وَيَا لَطِيْفُ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے باریک بین ہر ایک باریک بین سے پہلے اور اے مہربان

بَعْدَ كُلِّ لَطِيْفٍ ۚ يَا لَطِيْفُ (ثلاثا) لَطُفْتَ بِخَلْقِ

ہر ایک مہربان کے بعد یالطیف (تین دفعہ پڑھے) تو نے آسمانوں اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ اَسْاَلُكَ يَا رَبِّ كَمَا لَطُفْتَ

پیدائش میں لطف کیا اے میرے اللہ میں سوال کرتا ہوں مہربانی کا

بِيْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَحْشَآءِ ۚ اُلْطُفْ بِيْ فِيْ قَضَآئِكَ

جیسا کہ تو نے مجھ پر ماں کے پیٹ کے اندھیروں میں لطف کیا ایسا ہی جیسا تو نے مجھ پر اپنی قضا و قدر

وَقَدَرِكَ وَفَرِّجْ عَنِّي الضِّيْقَ وَلَا تُحَمِّلْنِيْ مَا لَآ

میں مہربانی کر اور مجھ سے تنگی دور کر دے اور جس تکلیف کی میں طاقت نہیں رکھتا وہ

اُطِيْقُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

مجھ پر نہ ڈالیو بحرمت محمد کے ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ان کی آل پر

وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۚ

اور بحرمت ابوبکر صدیق اکبر کے خدا تعالیٰ ان سے راضی ہو

يَا لَطِيْفُ ۚ يَا لَطِيْفُ ۚ يَا لَطِيْفُ ۚ اُلْطُفْ بِيْ

اے مہربان اے مہربان اے مہربان مجھ پر مہربانی کر

بِخَفِيِّ خَفِيِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ

ساتھ باریک در باریک در باریک لطف اپنے کے جو نہایت مخفی در مخفی در مخفی ہے

اِنَّكَ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ ۭ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ

تونے فرمایا اور تیرا فرمانا سچ ہے اللہ مہربان ہے اپنے بندوں پر رزق دیتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَ

جس کو چاہے اور وہ قوت والا غالب ہے اور ہم کو اللہ کافی ہے اور

نِعْمَ الْوَكِيْلُ ۭ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اچھا کارساز ہے اور سب تعریفیں اللہ کو ہیں جو پروردگار جہانوں کا ہے

وردِ روزِ جمعہ

وظیفہ جمعہ کے دن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْاَلُكَ بِعَظِيْمِ قَدِيْمِ كَرِيْمِ مَكْنُوْنِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں طفیل بزرگ، قدیم صاحب عزت پوشیدہ پاک

مَخْزُوْنِ اَسْمَآئِكَ وَ بِاَنْوَاعِ اَجْنَاسِ رُقُوْمِ نُقُوْشِ

ناموں تیرے کے اور طفیل قسموں جنسوں رقموں نقشوں

اَنْوَارِكَ وَ بِعَزِيْزِ اِعْزَازِ تَعَزُّزِ عِزَّتِكَ وَ بِحَوْلِ

نوروں تیرے کے اور طفیل عزت والے اعزاز بزرگ عزت تیری کے اور طفیل طاقت

طَوْلِ جَوْلِ شَدِيْدِ قُوَّتِكَ وَ بِقَدْرِ مِقْدَارِ

غلبے حملے شدید قوت تیری کے اور طفیل قدر اندازے

اِقْتِدَارِ قُدْرَتِكَ وَ بِتَاْيِيْدِ تَحْمِيْدِ تَمْجِيْدِ

اقتدار قدرت تیری کے اور طفیل تائید۔ تعریف بزرگی بیان کرنے

تَعْظِيمِ عَظَمَتِكَ وَ بِسُمُوِّ نُمُوِّ عُلُوِّ رِفْعَتِكَ وَ بِقَيُّومِ

تعظیم عظمت تیری کے، اورطفیل اونچائی بڑھنے بلندی رفعت تیری کے اور طفیل قائم رکھنے والی

دَيْمُومِ دَوَامِ مُدَّتِكَ وَ بِرِضْوَانِ غُفْرَانِ اَمَانِ

ہمیشگی دوام مُدت تیری کے اور طفیل رضامندی بخشش امان

مَغْفِرَتِكَ وَ بِرَفِيعِ بَدِيعِ مَنِيعِ سُلْطَانِكَ وَ

مغفرت تیری کے اورطفیل بلند عجائب پختہ حکومت اور

سِطْوَتِكَ وَ بِرَهَبُوتِ عَظَمُوتِ جَبَرُوتِ جَلَالِكَ وَ

غلبہ تیرے کے اور طفیل دبدبے عظمت تکبر جلال تیرے کے اور

بِصَلَاتِ سُعَاتِ سَعَةِ بِسَاطِ رَحْمَتِكَ وَ بِلَوَامِعِ

طفیل رحمت پاک فراخی فرش رحمت تیری کے اور طفیل چمکنے والے

بَوَارِقِ صَوَاعِقِ عَجِيجِ هَجِيجِ رَهِيجِ بَهِيجِ

روشن بجلیوں گرجدار صاف روشن خوشنما

نُورِ ذَاتِكَ وَ بِبَهْرِ قَهْرِ جَهْرِ مَيْمُونِ ارْتِبَاطِ

نور ذات تیری کے. اور روشن غلبے ظاہر مبارک رابطے

وَحْدَانِيَّتِكَ وَ بِهَدِيرِ هَيَّارِ تَيَّارِ نَيَّارِ اَمْوَاجِ بَحْرِكَ

توحید تیری کے اور طفیل برحق زوردار جوش زن موجوں دریا تیرے کے

الْمُحِيطِ بِمَلَكُوتِكَ وَ بِاتِّسَاعِ انْفِسَاحِ مَيَادِيْنِ

جو تیری بادشاہی کا محیط ہے اور طفیل فراخ فراخی میدانوں

بَرَازِخِ كُرْسِيِّكَ وَ بِهَيْكَلِيَّاتِ عُلْوِيَّاتِ رُوحَانِيَّاتِ

حدود کرسی تیری کے اور طفیل پاک اشکال مقامات بلند روحانیات

اَمْلَاكِ اَفْلَاكِ عَرْشِكَ وَ بِاَمْلَاكِ الرُّوْحَانِيِّيْنَ

ملکوں افلاک عرش تیرے کے اور طفیل فرشتوں روحانیوں

الْمُدَبِّرِيْنَ لِلْكَوَاكِبِ الْمُدِيْرَةِ بِاَفْلَاكِكَ وَ بِحَنِيْنِ

کواکب کی تدبیر کرنے والوں تیرے آسمانوں کے کارخانہ داروں کے اور طفیل

اَنِيْنِ تَسْكِيْنِ قُلُوْبِ الْمُرِيْدِيْنَ لِقُرْبِكَ وَ بِخَضَعَاتِ

گریہ زاری تسکین، دلوں، تیرے قرب کے خواہشمندوں کے، اور طفیل عاجزیوں،

حَرَقَاتِ زَفَرَاتِ الْخَائِفِيْنَ مِنْ سِطْوَتِكَ وَ بِاٰمَالِ

سوزشوں مناجاتوں آہ وزاری تیری ہیبت سے ڈرنے والوں کے، اور طفیل بخشش

نَوَالِ اَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِيْنَ فِيْ مَرْضَاتِكَ وَ بِتَخْضِيْعِ

کی امیدوں تیری رضامندی میں کوشش کرنے والوں کے اور طفیل عجزونیاز

تَفْظِيْعِ تَفَظُّعِ تَعْظِيْمِ مَرَائِرِ الصَّابِرِيْنَ عَلٰى بَلْوَائِكَ

بھاری تکلیف کی تنگی تلخیوں صابر لوگوں کے تیری بلاؤں پر

وَ بِتَعَبُّدِ تَمَجُّدِ تَجَلُّدِ الْعَابِدِيْنَ عَلٰى طَاعَتِكَ

اور طفیل بندگی بزرگی بہادری عابد لوگوں کے تیری طاعت پر

يَا اَوَّلُ ۵ يَا اٰخِرُ ۵ يَا ظَاهِرُ ۵ يَا بَاطِنُ ۵ يَا قَدِيْمُ ۵

اے اوّل اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم

يَا مُقِيْمُ ۵ يَا قَوِيْمُ اِطْمِسْ بِطِلَسْمِ بِسْمِ اللّٰهِ

اے مقیم اے قائم رہنے والے محو کردے برکت طلسم بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۵ شَرَّ سُوَيْدَاءِ قُلُوْبِ اَعْدَائِنَا

الرحمٰن الرحیم کے شر سیاہی دلوں دشمنوں ہمارے

وَاَعْدَآئِكَ وَدُقَّ اَعْنَاقَ رُءُوْسِ الظَّلَمَةِ بِسُيُوْفِ

اور دشمنوں اپنے کو اور اپنے قہر وغلبہ کی تیز تلواروں سے ظالموں کے سروں سے

نَشَاٰتِ قَهْرِكَ وَ سِطْوَتِكَ وَاحْجُبْنَا بِحُجُبِكَ

گردنیں کاٹ دے اور ہم کو اپنے محکم

الْكَثِيْفَةِ بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ وَ قُدْرَتِكَ عَنْ

پردوں میں بہ طفیل اپنی طاقت و قوت اور قدرت ان کی آنکھوں کی

لَحَظَاتِ لَمَحَاتِ لَمَعَاتِ اَبْصَارِهِمِ الضَّعِيْفَةِ

بدنظروں کے چمکاروں سے ڈھانپ دے

بِعِزَّتِكَ وَ قُدْرَتِكَ وَ سِطْوَتِكَ ۝ يَآ اَللّٰهُ ۝ يَآ اَللّٰهُ ۝

بہ طفیل اپنی عزت و قدرت اور غلبے کے اے اللہ اے اللہ

يَآ اَللّٰهُ ۝ وَصُبَّ عَلَيْنَا مِنْ اَنَابِيْبِ مَيَازِيْبِ

اے اللہ اور ہم پر توفیق کے فواروں کے نلکوں سے

التَّوْفِيْقِ فِيْ رَوْضَاتِ السَّعَادَاتِ اٰنَآءَ لَيْلِكَ وَ

نیک بختیوں کے باغوں میں رات دن

اَطْرَافَ نَهَارِكَ وَاغْمِسْنَا فِيْٓ اَحْوَاضِ سَوَاقِيْ

پانی برسا اور ہم کو اپنی نکوئی و احسان کے جاری و

مَسَاقِيْ بِرِّ بِرِّكَ وَ رَحْمَتِكَ وَ قَيِّدْنَا بِقُيُوْدِ

سیراب حوضوں میں نہلا اور ہم کو گناہوں سے

السَّلَامَةِ عَنِ الْوُقُوْعِ فِيْ مَعْصِيَتِكَ يَآ اَوَّلُ ۝

بچنے کی قیدوں میں قید رکھ اے اول

يَآ اٰخِرُهٗ يَا ظَاهِرُهٗ يَا بَاطِنُهٗ يَا قَدِيْمُهٗ يَا قَوِيْمُهٗ

اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم اے قائم

يَا مُقِيْمُهٗ يَا مَوْلَايَ هٗ يَا قَادِرُهٗ يَا مَوْلَايَ هٗ يَا غَافِرُهٗ

اے مقیم اے میرے مولا اے قادر اے میرے مولا اے گناہ بخشنے والے

يَا لَطِيْفُهٗ يَا خَبِيْرُهٗ اَللّٰهُمَّ ذَهَلَتِ الْعُقُوْلُ

اے لطف کرنے والے اے خبر رکھنے والے اے اللہ عقل جاتی رہی اور

وَانْحَسَرَتِ الْاَبْصَارُ وَحَارَتِ الْاَوْهَامُ وَضَاقَتِ

آنکھیں تھک گئیں اور وہم حیران ہوگئے اور فہم

الْاَفْهَامُ وَبَعُدَتِ الْخَوَاطِرُ وَقَصُرَتِ الظُّنُوْنُ

تنگ ہوگئے اور دل کی باتیں دور جا پڑیں اور ظن کم ہمت ہوگئے

عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِ كَيْفِيَّةِ ذَاتِكَ وَمَا ظَهَرَ مِنْ

تیری ذات کی کنہ کیفیت معلوم کرنے سے اور تیرے قسم قسم کے

بَوَادِیْ عَجَآئِبِ اَنْوَاعِ اَصْنَافِ قُدْرَتِكَ دُوْنَ

عجائبات کے جنگلوں سے کچھ ظاہر نہ ہوا سوائے

الْبُلُوْغِ اِلٰى تَلَاْلُؤِ لَمَحَاتِ لَمَعَاتِ بُرُوْقِ شُرُوْقِ

چمکنے چمکار روشنیوں چمک دمک

اَسْمَآئِكَ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَوَّلُهٗ يَآ اٰخِرُهٗ

ناموں تیرے کے اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اوّل اے آخر

يَا ظَاهِرُهٗ يَا بَاطِنُهٗ يَا قَدِيْمُهٗ يَا قَوِيْمُهٗ يَا مُقِيْمُهٗ

اے ظاہر اے باطن اے قدیم اے پختہ کار اے مقیم

يَا نُوْرُ ۝ يَا هَادِىْ ۝ يَا بَدِيْعُ ۝ يَا بَاقِىْ ۝ يَا ذَا الْجَلَالِ

اے نور اے ہادی اے پیدا کرنے والے اے باقی اے صاحبِ جلال

وَالْاِكْرَامِ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ ۝

او رعظمت والنعام عام کے، تیرے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں ہم تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتے ہیں

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اے فریاد کرنے والوں کے فریادرس ہماری فریادسن تیرے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں

بِرَحْمَتِكَ اِرْحَمْنَا ۝ اَللّٰهُمَّ مُحَرِّكَ الْحَرَكَاتِ

اپنی رحمت کے طفیل ہم پر رحمت کر اے اللہ تحریک دینے والے تمام حرکات کے

وَمُبْدِئَ نِهَايَاتِ الْغَايَاتِ وَمُخْرِجَ يَنَابِيْعِ

اور تمام مقاصد کے انتہا کو شروع کرنے والے اور چشمے زمین سے نکالنے والے

قُضْبَانِ قَضَبَاتِ النَّبَاتِ وَمُشَقِّقَ صُمِّ جَلَامِيْدِ

بوٹیوں کی شاخیں اُگانے والے اور اے اللہ ٹھوس اور سخت پتھروں اور محکم

الصُّخُوْرِ الرَّاسِيَاتِ وَالْمُنْبِعَ مِنْهَا مَآءً مَّعِيْنًا

پہاڑوں کے پھاڑنے والے اور ان میں سے مخلوقات کے لئے میٹھے پانی کے

لِّلْمَخْلُوْقَاتِ وَالْمُحْيِىَ بِهٖ سَآئِرَ الْحَيَوَانَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ

چشمے نکالنے والے اور اس پانی سے تمام جانداروں اور بوٹیوں کے زندہ کرنے والے

وَالْعَالِمَ بِمَا اخْتَلَجَ فِىْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ اَسْرَارِهِمْ

اور اے لوگوں کے سینوں کے بھیدوں اور فکروں کے

وَاَفْكَارِهِمْ وَفَلَقِ رَمْزِ نُطْقِ اِشَارَاتِ خَفِيَّاتِ

جاننے والے ، اور باریک رمز و اشارے زمین پر چلنے والی

لُغَاتِ النَّمْلِ السَّارِحَاتِ یَا مَنْ سَبَّحَتْ وَ قَدَّسَتْ

چیونٹیوں کے لغتوں اور بولیوں کے سمجھنے والے اے وہ پاک ذات کہ تیری تسبیحیں بیان کیں

وَعَظَّمَتْ وَ كَبَّرَتْ وَ مَجَّدَتْ لِجَلَالِ جَمَالِ

اور تجھے پاکی سے یاد کیا اور تیری عظمت بیان کی اور تجھے بڑائی سے یاد کیا اور تیری بزرگی بیان کی

كَمَالِ اَقْدَامِ اَقْوَالِ اَعْظَامِ عِزَّةٖ وَ جَبَرُوْتِهٖ

ساتھ بزرگی خوبصورتی کمال پیش رو اقوال بڑے بڑے کے جو تیری عزت اور جبروت کے لائق ہیں

مَلَآئِكُ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ اجْعَلْنَا فِیْ هٰذَا الْعَامِ وَ فِیْ

سات آسمانوں کے فرشتوں نے کردے ہم کو اس سال اور اس

هٰذَا الشَّهْرِ وَ فِیْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ وَ فِیْ هٰذَا الْيَوْمِ

مہینہ اور اس جمعہ اور اس دن

وَ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ الْمُبَارَكِ

اور اس ساعت اور اس وقت مبارک میں

مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَ سَاَلَكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَ تَضَرَّعَ

ان لوگوں میں سے جن کی دعا قبول کرتا ہے اور جو سوال کریں عطا کرتا ہے اور ان کی

اِلَيْكَ فَرَحِمْتَهٗ وَ اِلٰى دَارِكَ دَارِ السَّلَامِ اَدْنَيْتَهٗ

عاجزی پر رحم کرتا ہے اور اپنی سلامتی کے گھر میں ان کو پہنچاتا ہے اپنے

بِفَضْلِكَ يَا جَوَّادُهٗ يَا جَوَّادُهٗ يَا جَوَّادُهٗ جُدْ عَلَيْنَا

فضل سے اے سخی اے سخی اے سخی ہم پر سخاوت کر

وَعَامِلْنَا بِمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تُقَابِلْنَا بِمَا نَحْنُ

اور ہمارے ساتھ وہ معاملہ کر جس کے تو لائق ہے اور اس بات کی ہم پر گرفت نہ کر جس کے

اَهْلُهٗ اِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ

ہم لائق ہیں تو ہی پرہیزگاری اور بخشش کے لائق ہے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ يَآ اَللّٰهُ ؕ يَآ اَللّٰهُ ؕ يَآ اَللّٰهُ ؕ يَآ اَوَّلُ ؕ

اے مہربانوں سے زیادہ مہربان اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اول

يَآ اٰخِرُ ؕ يَا ظَاهِرُ ؕ يَا بَاطِنُ ؕ يَا قَدِيْمُ ؕ يَا قَوِيْمُ ؕ

اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم اے قائم

يَا مُقِيْمُ ؕ يَا نُوْرُ ؕ يَا هَادِىْ ؕ يَا بَدِيْعُ ؕ يَا بَاقِىْ ؕ

اے مقیم اے نور اے ہادی اے بدیع اے باقی

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ

اے صاحب جلال اور عظمت کے تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہم تیری رحمت کے ساتھ

نَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

فریاد کرتے ہیں اے فریاد کرنے والوں کی فریاد سننے والے ہماری فریاد سن، تیرے سوا کوئی بندگی کے

اَنْتَ وَبِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ

لائق نہیں اور ساتھ رحمت تیری کے اے زیادہ مہربان رحمت کرنے والوں سے ہم سوال کرتے ہیں یا اللہ

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَتُسَلِّمَ

یہ کہ رحمت بھیجے تو ہمارے سردار محمد اور اس کی آل اور اس کے اصحاب پر اور سلام بھیج تو

وَاَنْ تَقْضِيَ حَوَآئِجَنَا يَآ اَللّٰهُ ؕ يَآ اَللّٰهُ ؕ يَآ اَللّٰهُ ؕ

اور یہ کہ ہماری حاجتیں پوری کر اے اللہ اے اللہ اے اللہ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور سب تعریفیں اللہ جہانوں کے پروردگار کو لائق ہیں

ورد روز شنبہ (ہفتہ)

وظیفہ ہفتہ کے دن کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ نِّعَمُهٗ لَا تُحْصٰى ۝ وَ اَمْرُهٗ لَا يُعْصٰى ۝

اے اللہ اے وہ ذات کہ اس کی نعمتیں کوئی نہیں گن سکتا اور اس کے امر کی نافرمانی نہیں کر سکتا

وَ نُوْرُهٗ لَا يُطْفٰى ۝ وَ لُطْفُهٗ لَا يُخْفٰى يَا مَنْ فَلَقَ

اور اس کا نور بجھ نہیں سکتا اور اس کا لطف پوشیدہ نہیں رہ سکتا، اے وہ ذات کہ جس نے

الْبَحْرَ لِمُوْسٰى ۝ وَ اَحْيَى الْمَيِّتَ لِعِيْسٰى ۝ وَجَعَلَ

حضرت موسیٰ کے لئے دریا میں راستہ کر دیا، اور حضرت عیسیٰ کے لئے مُردہ زندہ کر دیئے اور حضرت ابراہیم کے

النَّارَ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

لئے آگ کو سرد اور سلامت کر دیا رحمت نازل کر ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْ لِّيْ مِنْ

محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل پر اور کر ہمارے لئے اپنے امر

اَمْرِيْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا ۝ اَللّٰهُمَّ بِتَلَاْلُؤِ نُوْرِ بَهَآءِ

کو خوشی اور خلاصی کا باعث بنا یا اللہ بطفیل چمکار نور پردوں

حُجُبِ عَرْشِكَ مِنْ اَعْدَآئِيْ اِحْتَجَبْتُ وَ بِسَطْوَةِ

عرش تیرے کے میں اپنے دشمنوں سے پردہ مانگتا ہوں اور طفیل غلبۂ جلالیت

الْجَبَرُوْتِ مِمَّنْ يَّكِيْدُنِيْ تَحَصَّنْتُ وَ بِحَوْلِ

کے جو مجھ سے فریب کرے اس سے قلعہ گیر ہوں اور ساتھ برکت

طَوْلِ جَوْلِ شَدِيْدِ قُوَّتِكَ مِنْ كُلِّ سُلْطٰنٍ

طاقت غلبے حملے شدید قوت تیری کے ہرایک بادشاہ سے

تَحَصَّنْتُ وَبِبَدِيْمُوْمِ قَيُّوْمِ دَوَامِ اَبَدِيَّتِكَ مِنْ

قلعہ گیر ہوتا ہوں اور ساتھ برکت ہمیشگی قائم رہنے والے دوام ابدیت تیری کے

كُلِّ شَيْطٰنٍ اِسْتَعَذْتُ وَبِمَكْنُوْنِ السِّرِّ مِنْ سِرِّ

ہرایک شیطان سے میں نے پناہ مانگی اور ساتھ برکت پوشیدہ

سِرِّكَ مِنْ كُلِّ هَآمَّةٍ تَخَلَّصْتُ وَتَحَصَّنْتُ يَا حَامِلَ

در پوشیدہ بھید تیرے کے میں ہرایک شیطان سے خلاص اور قلعہ گیر ہوا اے عرش

الْعَرْشِ عَنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ يَا حَابِسَ الْوَحْشِ

کے اٹھانے والے حاملانِ عرش سے اے بند کرنے والے وحشت کے اے

يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ اِحْبِسْ

اے شدید حملے والے تجھ پر میں نے توکل کیا اور تیری طرف میں رجوع لایا مجھ سے

عَنِّيْ مَنْ ظَلَمَنِيْ وَاغْلِبْ عَلٰى مَنْ غَلَبَنِيْ

ظالموں کو بند کر اور جو مجھ پر غالب ہے اُس پر تو غلبہ کر

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ

اللہ نے لکھ دیا البتہ میں ضرور غالب ہونگا اور میرے رسول غالب ہونگے، تحقیق اللہ قوت والا

عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۝ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۝ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۝

غالب ہے ۔ اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے

وَاَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيْعًا ۝ اَللّٰهُ اَعَزُّ مِمَّنْ اَخَافُ وَاَحْذَرُ

اور اپنی تمام خلقت سے بڑی عزت والا ہے۔ اللہ بڑا غالب ہے اُس سے جس سے میں خوف کرتا ہوں

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ
اور ڈرتا ہوں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جس نے سات آسمانوں کو

اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ
زمین پر گرنے سے روک رکھا ہے مگر اس کے اذن سے شر بندے تیرے

فُلَانٍ وَّ جُنُوْدِہٖ وَ اَتْبَاعِہٖ وَ اَشْیَاعِہٖ مِنَ الْجِنِّ
فلاں سے اور اس کے لشکروں اور تابعداروں اور فرمانبرداروں جنوں سے

وَ الْاِنْسِ ط اَللّٰھُمَّ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّھِمْ
اور آدمیوں سے اے اللہ تو میرے پڑوس میں ہو جا ان تمام کے

جَمِیْعًا ط جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَ عَزَّ جَارُكَ وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ
شر سے تیری صفت بزرگ اور تیرا پڑوس عزت والا ہے۔ اور تیرا نام برکت والا

وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُكَ تَفْعَلُ مَا تَشَآءُ ط وَ اَنْتَ عَلٰی
اور تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو جو چاہے کر سکتا ہے اور تو

کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
ہر ایک چیز پر قادر ہے اور سب تعریف اللہ پروردگار جہانوں کے لائق ہے

ہر حاجت و مراد پوری ہوگی

ہزار بار ''یَاشَیْخ عَبْدَالْقَادِر شَیْئًا لِلّٰہِ'' پڑھے اول و آخر درود شریف 10,10 بار پڑھ کر داہنے ہاتھ پر دم کر کے زیر کلہ (رخسار) رکھ کر سو جائے ہر حاجت و مراد پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ

Mohsin-e-Azam Mission